

4537CH03

باب 3



# کہانیوں کی تصویرکشی

ہم ہر روز کئی مختلف لوگوں سے ملتے ہیں۔ ہر شخص کا چلنے، بولنے، ہنسنے، بات کرنے اور اپنے جذبات ظاہر کرنے کا انداز الگ ہوتا ہے۔ آپ نے یہ بھی محسوس کیا ہوگا کہ ہر شخص کا سایہ دوسرے سے الگ ہوتا ہے۔

اپنے پسندیدہ لوگوں کے بارے میں سوچیے اور یہ بھی غور کیجیے کہ آپ ان لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا کیوں پسند کرتے ہیں۔

ان کی ہر بات کو دیکھیے مثلاً ان کا چہرہ، مسکراہٹ، بالوں کا انداز، کپڑے، آواز، حرکتیں اور روزمرہ کی عادتیں۔

اس باب میں آپ سیکھیں گے کہ لوگوں کو حرکت کرتے ہوئے اور ان کے آس پاس کی چیزوں کو کس طرح غور سے دیکھا جاتا ہے۔ سایوں کا کھیل اور 'ایموجیز' کی مدد سے آپ تصویروں کے ذریعے لوگوں کی کہانیوں کو پیش کرنے کے نئے طریقے سیکھیں گے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 3.1 سائے کا خاکہ بنائیے

آپ نے شاید دھوپ میں چلتے ہوئے اپنا سایہ دیکھا ہوگا لیکن کیا آپ نے کبھی یہ غور کیا ہے کہ رات کے وقت جب آپ کسی اسٹریٹ لائٹ کے قریب سے گزرتے ہیں تو آپ کا سایہ کس طرح بدلتا ہے؟

جب روشنی کسی چیز یا جاندار کے سامنے آکر رک جاتی ہے تو اس کے پیچھے والی سطح پر ایک سایہ بن جاتا ہے۔ کبھی کبھی یہ سایہ ان چیزوں یا لوگوں سے مختلف نظر آتا ہے جس سے وہ وجود میں آتا ہے۔

### سائے سے جانور بنانا

- جوڑوں یا چھوٹے گروپ میں کام کیجیے۔
- دھوپ والے دن کھلی جگہ پر جائیے۔
- اپنے بازو پھیلا کر پرندے کی طرح دائیں بائیں لہرائیے۔
- گھٹنوں کے بل بیٹھیے اور اپنے ہاتھوں سے ہاتھی کی سونڈ بنانے کی کوشش کیجیے۔
- غور کیجیے کہ آپ اپنے جسم کی مدد سے مور یا رینگتے ہوئے سانپ جیسا سایہ کیسے بنا سکتے ہیں۔
- جیسے ہی آپ کوئی پسندیدہ سایہ بنائیں تو وہیں رک جائیں۔
- آپ کے ساتھی انگلی، لکڑی یا پتھروں کی مدد سے اس سائے کی باہری حدود کا خاکہ بنا سکتے ہیں۔



## سرگرمی 3.2 سایہ بنانا

یہاں وہ سایہ بنائیے جس کا آپ نے خاکہ تیار کیا تھا۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 3.3 سائے میں کہانیاں



اس صفحے پر دکھائے گئے ہاتھوں کے سائے خود بنانے کی کوشش کیجیے۔
کیا آپ نے کبھی ایسے سائے دیکھے ہیں جن میں کئی رنگ ہوں؟

آپ یہ منظر سائے کی کٹھ پتلیوں کے کھیل میں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ آرٹ کی ایک قدیم صنف ہے جو آندھرا پردیش، تلنگانہ، اڈیشہ، تمل ناڈو، کیرالا، کرناٹک اور مہاراشٹر میں جاری ہے۔ کٹھ پتلیاں روایتی طور پر چمڑے سے تیار کی جاتی ہیں۔ لیکن ان دنوں وہ دوسری چیزوں سے بھی بنائی جارہی ہیں۔



تماشے کے دوران روشنی کٹھ پتلیوں میں سے گزر کر رنگین سائے بناتی ہے جو چلتے ہوئے کہانیاں سناتے ہیں۔

سائے کی کٹھ پتلیوں کا کوئی راست پروگرام دیکھنے کی کوشش کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو آن لائن ویڈیوز تلاش کیجیے اور مشاہدہ کیجیے۔ ان نکات پر غور کریں:





- انسانی جسم کو سائے کی کٹھ پتلی کے طور پر کیسے دکھایا گیا ہے؟
- مختلف حصّے آپس میں کیسے جوڑے گئے ہیں؟

پچھلی سرگرمی میں آپ نے دیکھا کہ آپ کے جسم نے سائے کے ذریعے کس طرح مختلف جانداروں کی تصویریں بنائیں۔



- پچھلی سرگرمی میں بنائی گئی سائے کی تصویروں کو اکٹھا کیجیے۔
- ان تصویروں کو کرداروں میں تبدیل کیجیے اور ایک مختصر کہانی تخلیق کیجیے۔
- کہانی تقریباً 100 الفاظ پر مشتمل ہو اور اسے اپنے دوستوں کے ساتھ ساجھا کیجیے۔



© NCERT not to be republished

یہاں اپنی کہانی کا ایک منظر بنائیے۔

© NCERT
not to be republished

## سرگرمی 3.4 ایموجیز (Emojis) بنانا

ہمارا چہرہ ہمارے جذبات کا آئینہ ہوتا ہے۔صرف چہرہ دیکھ کر آپ کسی شخص کے مزاج کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

مسکراتا ہوا چہرہ خوشی کی علامت ہے اور آپ نے بھی اسے ضرور استعمال کیا ہو گا۔

ایموٹیکونز (Emoticons) یا جذباتی نشانات وہ سادہ تصویریں یا علامتیں ہیں جو جذبات کا اظہار کرتی ہیں۔آپ انھیں عام رموز اوقاف کی مدد سے بنا سکتے ہیں۔مثال کے طور پر اپنا سر دائیں طرف جھکاتے ہوئے اسے دیکھیں :-) آپ کو مسکراتا ہوا چہرہ نظر آئے گا۔اسی طرح،

:-( اداس چہرہ دکھاتا ہے۔

;-) آنکھ مارتا چہرہ دکھاتا ہے۔

:-P زبان باہر نکالتے ہوئے چہرہ دکھاتا ہے۔

ذیل میں دیے گئے دائروں میں مزید ایموٹیکونز خود بنائیے۔



ایموجیز ایموٹیکونز کی نسبت زیادہ تفصیلی ہوتے ہیں اور ان کا استعمال عام طور پر آن لائن رابطوں میں کیا جاتا ہے۔

### اپنی ذاتی ایموجیز بنائیے

- ایسا کوئی تاثر چنیں جو موجودہ ایموجیز میں موجود نہ ہو۔
- یہ تاثرات کا مجموعہ بھی ہو سکتا ہے جیسے کہ آپ ناراض ہیں لیکن ہنسنے والے ہیں یا آپ مسکراتے ہوئے رو رہے ہیں۔
- اگر آپ کسی مخصوص حرکت یا ادا کے ذریعے اپنے جذبات ظاہر کرتے ہیں تو وہ بھی شامل کیجیے۔

آپ کی ذاتی ایموجیز کو آپ کی شخصیت اور انداز کی عکاسی کرنی چاہیے۔



© NCERT not to be republished

نیچے دی گئی جگہ میں اپنی ذاتی ایموجیز بنائیے۔

© NCERT
not to be republished

## سرگرمی 3.5 اسٹوری بورڈ بنانا

اسٹوری بورڈ کا استعمال کہانی کے مختلف لمحات کو تصویروں سے دکھانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ کامکس کی طرح ہوتا ہے اور عام طور پر ڈراما، اینی میشن، اشتہارات یا فلم کے مناظر کی منصوبہ بندی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ہم سب ہر روز مختلف جذبات کا سامنا کرتے ہیں۔ذیل میں مختلف مواقع پر اپنے جذبات کا موازنہ کریں:

- جب آپ اسکول کے لیے صبح جلدی جاگتے ہیں۔
- جب دوپہر کے کھانے میں اپنی پسندیدہ پکوان دیکھتے ہیں۔
- جب آپ امتحان کی تیاری کر رہے ہوتے ہیں۔
- جب آپ دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہیں۔

ہر فرد کا روزمرہ کا معمول آپ سے مختلف ہو سکتا ہے۔آیئے ایک اسٹوری بورڈ بنائیں جس میں دن بھر کی چار سرگرمیوں کو دکھایا گیا ہو۔

- کسی ایسے شخص کا انتخاب کیجیے جسے آپ جانتے ہوں یا روزانہ اسکول آتے جاتے دیکھتے ہوں۔ یہ کوئی استاد، گھر کا فرد، سبزی فروش، سیکورٹی گارڈ، بس کنڈکٹر یا کوئی بھی ہو سکتا ہے۔
- چار الگ الگ سرگرمیوں کے ذریعے ان کی زندگی کے ایک دن کا تصور پیش کریں۔ ہر سرگرمی کے دوران اس شخص کے جذبات، جسمانی حرکات اور چہرے کے تاثرات کو یاد کریں جیسے کہ رقص میں ہوتا ہے۔

اسٹوری بورڈ تیار کرنے کے لیے اگلے صفحہ پر دیے گئے ٹیمپلیٹ کا استعمال کیجیے۔

- ہر منظر کے لیے سرگرمی لکھیے اور احساس بیان کیجیے۔
- ہر منظر کو پیش منظر، درمیانی منظر اور پس منظر میں تقسیم کیجیے۔
- جس شخص کا انتخاب کیا ہے اس پر توجہ مرکوز رکھیے اور اس کے جسمانی انداز، حرکات اور چہرے کے تاثرات کو واضح کیجیے۔
- آخر میں آپ اپنے آرٹ ورک میں رنگ بھریے۔

© NCERT not to be republished

1.

یہاں تصویر بنائیے

سرگرمی:

جذبہ:

2.

یہاں تصویر بنائیے

سرگرمی:

جذبہ:

3.

یہاں تصویر بنائیے

سرگرمی:

جذبہ:

4.

یہاں تصویر بنائیے

سرگرمی:

جذبہ:

© NCERT not to be republished

## جائزہ

| باب 3 – کہانیوں کی تصویر کشی | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سی.جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 1 | سی-1.1 | آرٹ ورک بنانا جو چہرے کے تاثرات اور مختلف جسمانی انداز کے ذریعے جذبات اور مزاج کی عکاسی کرتا ہو۔ | | |
| 2 | سی-2.1 | سایہ بنانے والے کھیل کے ذریعے اپنی تصاویر اور بصری کہانیاں تخلیق کرنا۔ | | |
| 3 | سی-3.2 | ہر منظر کو ترتیب وار تیار کر کے اسٹوری بورڈ بنانا۔ | | |
| | | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت۔ | | |

© NCERT not to be republished



استاد کے مشاہدات: ____________________

____________________

____________________

دیگر تاثرات: ____________________

____________________

____________________